© rasailojaraid.com

طبقاتی جدل و جدال کا خاتمہ ہوگیا۔ ڈاکٹر محمد نور نبی صاحب جو اپنی تصنیفات و مقالات کی وجہ سے ارباب علم میں غیر معروف نہیں۔ انھوں نے اس مختصر رسالہ میں اسی بحث کے پس منظر کے ساتھ پہلے امام غزالی کے حالات بیان کیے ہیں اور پھر اصل موضوع پر دلچسپ اور موثر گفتگو کی ہے، اس رسالہ کا مطالعہ ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

محاسن الشعر الجزء الاول؛ مرتبہ مولوی محمد اجمل ایوب الاصلاحی الندوی | تقطیع متوسط ضخامت ۴۲ صفحات ٹائپ روشن قیمت: ۶/-

پتہ: مکتبۃ الاصلاح۔ سرائے میر: اعظم گڑھ۔

یہ عربی اشعار کا انتخاب جو زیادہ تر "مجموعۃ شعر الدعوۃ الاسلامیۃ": الریاض سے ماخوذ ہے۔ عربی کے درجہ ثانوی کے طلبار و طالبات کے لیے مرتب کیا گیا ہے اس کی خوبی یہ ہے کہ حضرت حسان بن ثابت سے لے کر ہمارے زمانہ کے شعراتک کے ہلکے پھلکے اشعار کا انتخاب آگیا ہے اور اشعار بھی وہ ہیں جن میں اسلام کی مذہبی اور اخلاقی تعلیمات بیان کی گئی ہیں۔ حواشی میں لائق مرتب نے ہر شاعر کا تعارف کرایا اور مشکل الفاظ کے معانی لکھے ہیں۔ اس طرح اس رسالہ سے تعلیم اور تربیت دونوں مقصد حاصل ہوتے ہیں اور یہ بے شبہ اس کا مستحق ہے کہ اسے مدرسوں اور اسکولوں کے ابتدائی درجوں کے عربی نصاب میں شامل کیا جائے۔

فہرست کتب

اور ادارہ کے قواعد و ضوابط مفت طلب فرمائیے

جنرل منیجر ندوۃ المصنفین جامع مسجد دہلی ۶

© rasailojaraid.com